## خودکش حملوں کو ڈرون حملوں کا ردعمل قرار دینا دہشت گردوں کے جرائم پر پردہ ڈالنے کے مترادف ہے، الطاف حسین

## حق پرست عوام، انتہاء پسندوں کی بالواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کرنے والے سیاسی و مذہبی عناصر کا مکمل بائیکاٹ کریں

## حق پرست عوام اپنے اپنے علاقوں میں بزرگان دین کے مزارات، مساجد اور امام بارگاہوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی کمیٹیاں تشکیل دیں

## پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان خودکش حملوں کی حمایت کرنے والوں کو اپنے پروگراموں میں ہرگز جگہ نہ دیں

## عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔6، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ مساجد، امام بارگاہوں، مزارات اور بازاروں میں خودکش حملوں کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے بے گناہ افراد نہ تو ڈرون حملوں میں ملوث تھے اور نہ ہی ان کا ڈرون حملوں سے کوئی تعلق ہے لہٰذا خودکش حملوں کو ڈرون حملوں کا ردعمل قرار دینا مذہبی انتہاء پسند دہشت گردوں کے جرائم پر پردہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر خودکش حملوں میں درجنوں زائرین کو شہید و زخمی کرنے والے دہشت گرد انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہو سکتے۔ متحدہ قومی موومنٹ انسانیت پر یقین رکھنے والی جماعت ہے اس نے ہمیشہ ڈرون حملوں کی کھل کر مخالفت کی ہے لہٰذا آج کا یہ اجلاس متفقہ طور پر اس بات کی تائید کرتا ہے کہ خودکش حملوں میں جاں بحق ہونے والے خواہ داتا دربار لاہور میں شہید ہوں یا مساجد، امام بارگاہوں یا بازاروں میں شہید کئے جائیں ان کا ڈرون حملوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس موقع پر اجلاس کے تمام شرکاء نے ہاتھ اٹھا کر جناب الطاف حسین کے مؤقف کی تائید کی۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام صوبوں کے حق پرست عوام بالخصوص نوجوان طبقہ سے پرزور اپیل کی کہ وہ ایسے نام نہاد علماء اور سیاسی و مذہبی عناصر کا مکمل بائیکاٹ کریں جو اپنی تقاریر، خطابات اور بیانات میں بلواسطہ یا بلاواسطہ خودکش حملوں اور انتہاء پسند دہشت گردوں کی حمایت کرتے ہیں، ایسے عناصر کی ہرگز حوصلہ افزائی نہ کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان، ایڈیٹر صاحبان اور اینکر پرسن سے بھی اپیل کی کہ وہ ایسے سیاسی و مذہبی عناصر جو انتہاء پسند دہشت گردوں کے جرائم پر پردہ ڈالنے کیلئے خودکش حملوں کی بلواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کریں انہیں اپنے پروگراموں میں ہرگز جگہ نہ دیں۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام صوبوں کے حق پرست عوام بالخصوص نوجوانوں سے پرزور اپیل کی کہ وہ وقت ضائع کئے بغیر ہنگامی بنیادوں پر اپنے اپنے علاقوں میں بزرگان دین کے مزارات، مساجد اور امام بارگاہوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی کمیٹیاں تشکیل دیں اور شیڈول بنا کر ڈیوٹیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام ہر لمحہ چوکس رہتے ہوئے اس طرح ڈیوٹیاں دیں کہ کوئی خودکش حملہ آور ان کے علاقے کے مقدس مقامات میں داخل نہ ہو سکے اور کسی بھی مشکوک فرد یا مشکوک سرگرمی کے بارے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کو فوری مطلع کریں تاکہ دہشت گردوں کو گرفتار کر کے ان کے سرپرستوں کی نشاندہی کی جا سکے اور انہیں سرعام سزا دیکر نشان عبرت بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چاروں صوبوں کے ایک ایک شہر کے عوام اپنے محلوں اور گلیوں کی حفاظت کیلئے اپنی مدد آپ کے اصول کے تحت حفاظتی دستہ بنائیں تاکہ مقدس مقامات اور قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ خواہ کسی بھی قومیت سے تعلق رکھتے ہوں یا کوئی بھی زبان بولتے ہوں اپنے اپنے علاقوں میں اجنبی افراد اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں اور اجنبی عناصر کو گھر کرائے پر دینے یا فروخت کرنے سے گریز کریں۔

## ایم کیو ایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح کل ہوگا

## افتتاحی تقریب سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔06/جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح کل بروز بدھ کی شام ہوگا۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین افتتاحی تقریب سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا کے نمائندگان بھی شرکت کریں گے۔

## خصوصی طلبہ کیلئے جامعہ کراچی میں روشنی پروجیکٹ کے انعقاد پر رابطہ کمیٹی کا خیرمقدم

کراچی۔۔۔06 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خصوصی طلبہ کیلئے جامعہ کراچی میں روشنی پروجیکٹ کے انعقاد کا خیرمقدم کیا ہے جس سے خصوصی طلبہ کیلئے عام کلاس رومز میں تعلیم حاصل سکیں گے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ علم کا حصول ہرانسان کا بنیادحق ہے اورایم کیوایم شروع دن سے فروغ علم کیلئے کوشاں ہے کیونکہ علم کی روشنی سے ہی جہالت کے اندھیروں کوختم کیا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جامعہ کراچی میں روشنی پروجیکٹ کی شروعات سے بصارت اورسماعت سے محروم خصوصی طلبہ کیلئے عام کلاس رومز میں طالب علموں کے ساتھ تعلیم کا حصول قابل ستائش ہے جس سے علم کے خواہشمند بصارت اورسماعت سے محروم افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے ۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ روشنی پروجیکٹ کو پورے ملک کے تمام تعلیمی اداروں میں پھیلایا جائے اورخصوصی افراد بشمول بصارت اورسماعت سے محروم افراد کو یہ جدید سہولت جلدازجلد میسر کی جائے۔

## کے ای ایس سی کے ٹیرف میں مزید 61 پیسے فی یونٹ کا اضافہ غریب عوام کی محدود آمدنی پر کھلا ڈاکا ہے، ارکان قومی اسمبلی
## بجلی نرخ میں اضافہ کی منظوری غیرمنطقی ہے، فی الفور واپس لیا جائے

کراچی۔۔۔6، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ٹیرف میں مزید 61 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوربجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافہ کوغریب عوام اورکاروباری طبقہ پرظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نیپرا نے بجلی کے ٹیرف میں اضافہ سے قبل منتخب عوامی نمائندوں سے مشورہ تک کرنا گوارہ نہیں کیا جواس بات کا ثبوت ہے کہ نیپرا کوعوامی مشکلات اورمسائل کا ذرہ برابربھی احساس نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اورروزانہ بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں جس کے باعث نہ صرف ان کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں بلکہ کاروباری سرگرمیاں میں ماند پڑ چکی ہیں اورشہر کی معیشت شدید زبوں حالی کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کے نرخوں میں باربار اضافہ کرنا غریب عوام کی محدود آمدنی پر کھلا ڈاکا ڈالنے کے مترادف ہے جبکہ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ کے ای ایس سی کی جانب سے صارفین سے لاکھوں اضافی یونٹس کی وصولی بھی کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی تقسیم کار کمپنیاں اپنے بوسیدہ نظام کوتبدیل کرنے کے بجائے الٹا غریب عوام پر اضافی بوجھ ڈال رہے ہیں اورایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کمپنیوں کوعوام سے لوٹ مار کی کھلی چھوٹ دیدی گئی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ٹیرف میں مزید 61 پیسے فی یونٹ اضافہ کی منظوری دینے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے غیرمنطقی فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اورغریب عوام پر بجلی نرخوں میں اضافے کا مزید بوجھ نہ ڈالا جائے

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اسحاق خان علالت کے باعث انتقال کرگئے، الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔06 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 ایلڈر زونگ کے کارکن محمد اسحاق علالت کے باعث انتقال کرگئے، مرحوم کی عمر 66 سال تھی اورانہوں نے پسماندگان میں تین بیٹے اورتین بیٹیاں چھوڑے ہیں، محمد اسحاق خان عرصہ دراز سے گلے کنسر میں مبتلا تھے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اسحاق خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم ایلڈرزونگ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن محمد اسحاق خان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔06 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نیوز کمیٹی کے رکن محمد اسد شیخ کے ماموں زاد بھائی قمر الدین، لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن محمد اسلم کی والدہ محترمہ انوری بیگم، لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن محمد مجاہد کے بھائی محمد اسلم، کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن سلیم عبداللہ کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم، بن قاسم سیکٹر یونٹ گھگھر کے کارکن چھتن جوکھیو کے صاحبزادے گل حسن اور ایاز حسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆